ویمنز سیریز: پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان آخری ایک روزہ میچ بارش کی نذرہوگیا

لاہور،14دسمبر 2019ء:

کوالالمپور میں بارش کے باعث پاکستان اور انگلینڈ کی ویمنز کرکٹ ٹیموں کے درمیان سیریز کا تیسرا ایک روزہ میچ بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوگیاتاہم سیریز میں ایک پوائنٹ حاصل کرنے والی قومی خواتین کرکٹ ٹیم آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کے پوائنٹس ٹیبل پر چوتھی پوزیشن پر پہنچ گئی ہے۔

کنرارا اوول میں کھیلے جانے والے آخری ایک روزہ میچ میں انگلینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان ہیتھر نائٹ نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی اوپنرز ناہیدہ خان اور جویریہ خان نے پراعتماد کھیل کا مظاہرہ کیا۔ دونوں بیٹرز کے درمیان 96 رنز کی اوپننگ شراکت قائم ہوئی جو پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی جانب سے ایک روزہ کرکٹ میں ریکارڈ شراکت ہے۔ ناہیدہ خان نے 55 اور جویریہ خان نے 37 رنز کی اننگز کھیلی۔ دونوں اوپنرز کےپویلین واپس لوٹتے ہی میزبان ٹیم کی بیٹنگ لائن اپ لڑکھڑا گئی اور محض 49 رنز پر 8 کھلاڑی پویلین واپس لوٹ گئیں۔ 37.4اوورز کے بعد پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم نے 8وکٹوں کے نقصان پر 145 رنز بنائے تھے کہ بارش کے باعث میچ روک دیا گیا۔ انگلینڈ کی جانب سے سارہ گلین نے 4 اور شرب سول نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔

مسلسل بارش اور آؤٹ فیلڈ گیلی رہنے کے باعث امپائرز نے میچ کو بے نتیجہ ختم کرنے کا اعلان کردیا۔

آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ میں شامل تین ایک روزہ میچوں پر مشتمل سیریز میں انگلینڈ ویمنز ٹیم نے 0-2 سے کامیابی حاصل کرلی ہے۔

دونوں ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ 17 دسمبر سے ہوگا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk